Co-funded by the European Union

HOME AFFAIRS FUNDS SAFETY FOR ALL | 2021-2027

HELLENIC REPUBLIC Ministry of Migration & Asylum

CRS CATHOLIC RELIEF SERVICES

CARITAS ATHENS

## یونانی وزارتِ ہجرت اور پناہ کا
## بین اقوامی تحفظ کے درخواست دہندگان کے لیے نقد امدادکا پروگرام

# اہم معلومات

## اہم نوٹس:

**30 جون 2025** کو CRSتمام کارروائیاں بند کر دے گی۔**آخری ادائیگی** جس پر ہم کارروائی کریں گے وہ **مارچ 2025 کی اہلیت** کے لیے ہوگی۔ 30 جون کے بعد، اگر آپ کو کیش پروجیکٹ کے حوالے سے کوئی معلومات یا مدد درکار ہے، تو براہ کرم اپنے **کیمپ میں ذمہ دار تنظیم** سے رابطہ کریں۔

### اہم معلومات

یونانی نقد امداد کا پروگرام بین اقوامی تحفظ کے درخواست دہندگان کو فراہم کیا جاتا ہے۔جو یونانی احکام کی طرف سے پیش کردہ رہائش میں رہ رہے ہیں۔ یہ کھلی استقبا لیہ سہولیات/مرکز ، استقبا لیہ اور شناختی مراکز اور پناہ گاہیں جو وزارتِ ہجرت اور پناہ کے ساتھ تعاون کرتی ہیں۔

پروگرام کا انتظام وزارتِ ہجرت اور پناہ ، کیتھولک ریلیف سروسز اور اِس کے پارٹنرز کے ذریعے کیا جاتا ہے۔آپ کو نقد امداد کی فرہمی کی جاتی ہے تاکہ آپ کو خوراک، کپڑے، جوتے، ذاتی حفظان صحت، ذرائع مواصلت، رہائش کے ارد گرد سفر کے ساتھ ساتھ بنیادی اسکول اور دواسازی کے اخراجات کو پورا کرنے میں مدد ملے۔ امداد کا مقصد اُن ضروریات کو پورا کرنا ہے جس تاریخ کو امداد کی رقم کی ادائیگی کا کوڈ ملے گا اُس سے لے کے ایک مہینے کے اندر تک ۔

### 1. میں مالی امداد کیسے حاصل کروں گا/گی؟

**آپکے موبائل فون پر ادائیگی کا کوڈ موصول ہونے کے بعد** آپ معاون ایجنسیوں سے وصول کر سکتے ہیں۔

### 2. میں اپنی نقد امداد کب حاصل کر سکوں گا/گی؟

- آپ کو آپکے موبائل فون نمبر پر ایک SMS یا وائبر پرپیغام موصول ہوگا جس سے آپ کو آگاہ کیا جائے گا کہ معاون ایجنسیوں میں نقد امداد وصولی کے لیے دستیاب ہے۔
- **اپنے ادائیگی کوڈ کا شیئرنہ کریں۔** اِس کو خفیہ رکھنا ضروری ہے۔ اِسے کسی کے ساتھ شیئر نہ کریں۔

### 3. میں معاون ایجنسیوں سے مالی نقد کیسے وصول کر سکتا /سکتی ہوں ؟

جب آپ کی ادائیگی کا عمل مکمل ہو جائے گا، آپ کو آپکے موبائل فون پر **ادائیگی کا کوڈ** موصول ہوگا۔ آپ کو یہ کوڈ اپنی **سرکاری شناختی دستاویز** کے ساتھ، اپنی نقد امداد لینے کے لیے قریبی **معاون ایجنسی** کو فراہم کرنا ہوگا۔ **نقد امداد صرف ادائیگی کوڈ کو وصول کرنے والے ہی لے سکتا ہے** اور کوئی نہیں ۔

### 4. اگر مجھے اپنا ادائیگی کا کوڈ موصول نہیں ہوا، میں نے اپنا کوڈ کھو دیا ہے، یا ایجنسی بند ہے تو میں کیا کر سکتا /سکتی ہوں؟

**برائے مہربانی ہیلپ لائن پر رابطہ کریں:**

لینڈ لائن نمبر 2103300170
پیر سے جمعہ* صبح 9:00 سے شام 5:00
*تعطیلات شامل نہیں ہیں

اپنا مسئلہ جمع کروانے کے لیے
http://greecehelpline.crs.org
پر جائیں یا QRکوڈ استعمال کریں ۔

## اہم نوٹس:

کیریٹاس ایتھنز ہیلپ لائن **30 جون 2025 کو کام بند کر دے گی**۔ اس تاریخ کے بعد، اگر آپ کو نقد امداد کے متعلق کسی بھی مدد کی ضرورت ہے، تو براہ کرم اپنی درخواستیں ریکارڈ کرنے کے لیے اپنے **کیمپ میں ذمہ دار تنظیم** سے رابطہ کریں۔

Urdu

### 6. معاون ایجنسیوں سے نقد امداد موصول کرنے کے لیے میرے پاس کتنے دن ہیں؟

آپ کے پاس نقد امداد وصول کرنے کے لیے **30** دن ہوں گے۔ اگر آپ اِسے دیے گئے وقت کے اندر وصول کرنے کے قابل نہیں ہیں، تو براہ کرم اپنے رہائش کی تنظیم سے رابطہ کریں۔

### 7. میں کیسے جانوں گا /گی کہ میری قریبی معاون ایجنسی کہاں ہے؟

آپ کو آپکے ادائیگی کے پیغام پر تمام دستیاب معاون ایجنسیوں کا ایک لنک موصول ہوگا۔ ادائیگیاں کسی مخصوص ایجنسی سے منسلک نہیں ہیں، اور آپ اِنہیں کسی بھی دستیاب/قریبی معاون ایجنسیوں سے وصول کر سکتے ہیں جو آپ کے لیے آسان ہو۔ آپ کی رہائش کی تنظیم اور ہیلپ لائن **2103300170** بھی آپ کو قریبی معاون ایجنسی کا پتہ لگانے میں مدد کر سکے گی۔

### 8. میں اس بات کی تصدیق کے لیے کیا کر سکتا/سکتی ہوں کہ میری ادائیگی کے لیے تفصیلات درست ہیں؟

آپ اپنے بائیو ڈیٹا کی تفصیلات (نام، آخری نام، DIKA، تاریخ پیدائش اور یونانی فون نمبر) کی تصدیق کے لیے اپنے رہائش کی تنظیم سے رابطہ کر سکتے ہیں تاکہ آپ کو اپنی ادائیگیوں میں کسی قسم کی تاخیر کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

### 9. میں اپنا وائبر فون نمبر کہاں رجسٹر کروا سکتا/سکتی ہوں؟

آپ کے بائیو ڈیٹا کی تصدیق کے ساتھ ساتھ، آپ کی رہائشکی تنظیم آپ کے وائبر نمبر کو رجسٹر کر سکتی ہے۔ اگر آپ پہلے ہی اپنی معلومات کی تصدیق کروا چکے ہیں تو آپ اپنا نیا فون نمبر رجسٹر کروانے کے لیے ہیلپ لائن سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

### 10. معاون ایجنسیوں پے جانے سے پہلے مجھے کیا کرنا چاہیے؟

معاون ایجنسیوں پر جانے سے پہلے یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس ایک درست شناختی دستاویز اور آپ کا ادائیگی کا کوڈ ہے۔ **آپ اپنی شناختی دستاویز (اسائلم کارڈ) کے بغیر اپنی ادائیگی وصول نہیں کر پائیں گے۔**

### 11. کیا ایجنسی میری طرف سے کسی اضافی معلومات کی درخواست کرے گی؟

عام طور پر، ایجنسی صرف آپ سے **شناختی دستاویز** اور **ادائیگی کا کوڈ** مانگے گی۔ تاہم، ایجنٹ یہ بھی پوچھ سکتا ہے:

- آپ کا پورا نام (شناختی دستاویز کے مطابق)
- پیدائش کی تاریخ
- **ادائیگی کا مقصد: نقد امدادی پروگرام کے تحت CRS اور Caritas Athens کی طرف سے عطیہ**
- **بھیجنے اور وصول کرنے والے کے درمیان تعلق: CRS اور Caritas Athens کے ذریعہ رجسٹرڈ مُستفید**
- بھیجنے والے کا نام: CRS اور Caritas Athens
- جائے پیدائش
- قومیت
- آپ کا پتہ
- وصول کی جانے والی رقم
- آپ کے والد کا پورا نام
- آپ کے دادا کا پورا نام
- آپ کا پیشہ

---

### خود کو اور اپنے خاندان کو فراڈ سکیموں سے بچائیں!

اپنی ذاتی معلومات اور شناختی دستاویزات کو ہمیشہ محفوظ اور خفیہ رکھنا چاہیے۔ پوچھے جانے پر اپنی ذاتی معلومات بھروسہ مند امدادی تنظیم اور احکام کے ساتھ شیئرکریں ۔
کبھی بھی اپنی ذاتی معلومات سوشل میڈیا اور ناقابل اعتماد ویب سائٹس پر نہ دیں۔

---